Roll No. ....   Total Pages: 04

6617

B. A./B. Ed. Part – I (Integrated) EXAMINATION, 2019

URDU LITT. – I

(Urdu Prose)

Time: Three Hours

Maximum Marks: 80

PART – A (खण्ड – अ) *[Marks: 20]*

All questions are mandatory.

*The answer to each question should not exceed **50** words.*

*Each question is of **2** marks.*

*सभी प्रश्न अनिवार्य हैं। प्रत्येक प्रश्न का उत्तर **50** शब्दों से अधिक न हो।*

प्रत्येक प्रश्न 2 अंक का है।

PART – B (खण्ड – ब) *[Marks: 30]*

*Answer **five** questions selecting one from each unit.*

*The answer to each question should not exceed **250** words.*

*Each question is of **6** marks.*

*प्रत्येक इकाई से **एक–एक** प्रश्न चुनते हुए, कुल पाँच प्रश्न कीजिए।*

*प्रत्येक प्रश्न का उत्तर **250** शब्दों से अधिक न हो।*

प्रत्येक प्रश्न 6 अंक का है।

PART – C (खण्ड – स) *[Marks: 30]*

*Answer any **three** questions.*

*Answer should not exceed **300** words. Each question is of **10** marks.*

*कोई **तीन प्रश्न** कीजिए। प्रत्येक प्रश्न का उत्तर **300** शब्दों से अधिक न हो।*

प्रत्येक प्रश्न 10 अंक का है।

Part - A

سوال نمبر۱: ''باغ و بہار'' کے مصنف کس کالج وابستہ تھے؟ اور یہ کتاب کب لکھی گئی؟

سوال نمبر۲: ''لکھنؤ کی رئیسانہ زندگی کی ایک جھلک'' کس کتاب سے ماخذ ہے اور یہ کس رسالے میں قسط وار چھپتی تھی؟

سوال نمبر۳: مرزا غالبؔ کا اصل نام کیا ہے؟ اور ان کے خطوط کے مجموعے کا نام بتایئے؟

سوال نمبر۴: سرسید احمد خاں نے کونسی یونیورسٹی قائم کی اور کہاں قائم کی؟

سوال نمبر۵: مولوی نذیر احمد کا آپ کے نصاب میں شامل ناول کا نام بتاتے ہوئے ان کے دیگر ناول کے نام بتایئے؟

سوال نمبر۶: اردو ادب کا سب سے پہلا افسانہ کونسا ہے اور اس کے خالق کون ہیں؟

سوال نمبر۷: پطرس بخاری کا اصل نام کیا ہے اور ان کے پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

سوال نمبر۸: مرزا فرحت اللہ بیگ نے کس صنف کا آغاز کیا اور انہونے کس تصانیف سے کیا؟

سوال نمبر۹: مولانا ابوالکلام آزاد نے آپ کے نصاب میں شامل خط ان کے کون سے خطوط کے مجموعے سے ماخذ ہے اور یہ خط انہوں نے کس کو لکھے تھے؟

سوال نمبر۱۰: ڈرامہ آزمائش کے خالق کون ہیں اور یہ ڈرامہ پہلی بار کب منظر عام پر آیا؟

Part - B

سوال نمبر۱۱: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک اقتباس کی مع سیاق وسباق تشریح لکھئے؟

(i) غرض آدمی کا شیطان آدمی ہے۔ ہر دم کے کہنے سننے سے مزاج بہک گیا۔ شراب ناچ اور جوئے کا چرچا شروع ہوا۔ پھر تو یہ نوبت پہنچی، سوداگری بھول کر تماش بینی کا سودا ہے۔ اپنے نوکر اور رفیقوں نے جب یہ غفلت دیکھی تو جو جی کے ہاتھ پڑا الگ گیا گویا لوٹ مچادی۔ کچھ خبر نہ تھی کتنا روپیہ خرچ ہو رہا ہے۔ کہاں سے آتا اور کدھر جاتا ہے؟ مال صفت مال دل بے رحم۔ اس فضول خرچی کے آگے اگر گنج قاروں کا ہوتا تو بھی وفا نہ کرتا۔ کئی برس کے عرصہ میں یکبارگی یہ حالت ہوئی کہ فقط ٹوپی اور لنگوٹی باقی رہی۔ دوست آشنا جو دانت کاٹی روٹی کھاتے تھے اور چمچہ بھر خون اپنا ہر بات میں نثار کرتے تھے کافور ہو گئے بلکہ راہ باٹ میں۔ اگر کہیں ملاقات ہو جاتی تو آنکھیں چرا کر منہ پھیر لیتے اور نوکر چاکر خدمت گار سب چھوڑ کر کنارے لگے۔ کوئی بات کا پوچھنے والا نہ رہا جو کہے یہ کیا تمھارا حال ہوا، سوائے غم اور افسوس کے کوئی رفیق نہ رہا۔

(یا)

(ii) سنو صاحب، جس شخص کو جس شغل کا ذوق ہو اور وہ اس میں بے تکلف عمر بسر کرے اس کا نام عیش ہے۔ تمھاری توجہ مفرط بطرف شعر و سخن تمھاری شرافت نفس اور حسن طبع کی دلیل ہے اور بھائی یہ جو تمھاری سخن گستری ہے اس کی شہرت میں میری بھی تو نام آوری ہے۔ میرا حال اس فن میں اب یہ ہے کہ شعر کہنے کی روش اور اگلے کہے ہوئے اشعار سب بھول گیا، مگر ہاں اپنے سنہری کلام میں سے ڈیڑھ شعر یعنی ایک مقطع اور ایک مصرع یاد رہ گیا سو گاہ گاہ جب دل الٹنے لگتا ہے جب دس پانچ ہزار بار یہ مقطع زبان پر آجاتا ہے۔

Unit - II

سوال نمبر ۱۲: سبق ''اپنی مدد آپ'' کا مرکزی خیال بیان کرتے ہوئے سرسید احمد خاں کی مضمون نگاری پر اپنے خیالات پیش کیجئے۔

''یا''

سوال نمبر ۱۳: ''سچ اور جھوٹ کا رزم نامہ'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں بیان کیجئے۔

Unit - III

سوال نمبر ۱۴: نذیر احمد کی شخصیت اور ادبی خدمات پر روشنی فراہم کیجئے؟

''یا''

سوال نمبر ۱۵: پریم چند کی افسانہ نگاری کی اہم خصوصیات لکھئے؟

Unit - IV

سوال نمبر ۱۶: سبق ''اچھی کتاب'' کا خلاصہ لکھئے؟

''یا''

سوال نمبر ۱۷: مرزا فرحت اللہ بیگ نے جس صنف۔ء۔سخن کا آغاز کیا اس کی مختصر تاریخ بیان کیجئے۔

Unit - V

سوال نمبر ۱۸: آل احمد سرور کی تنقید نگاری اور اردو ادب میں ان کے مقام پر روشنی ڈالئے۔

''یا''

سوال نمبر ۱۹: ڈرامہ نگاری کے فن اور اس کے اجزائے ترکیبی پر ایک مختصر نوٹ لکھئے۔

Part - C

سوال نمبر۲۰: پنڈت رتن ناتھ سرشار کی شخصیت اور فن کا حوالہ دیتے ہوئے فسانہ ۔ء۔آزاد کی ادبی حیثیت پر اپنے خیالات بیان کیجئے۔

سوال نمبر۲۱: کنہیں دو مصنفوں پر مختصر خیالات پیش کیجئے۔

(i) میر امن کی ادبی خدمات (ii) حسن نظامی کی فن.ء.خصوصیات

(iii) نمک کا داروغہ کا خلاصہ (iv) فورٹ ولیم کالج اور اردو زبان

سوال نمبر۲۲: اردو نثر میں مختصر افسانے کا آغاز اور ارتقا کو بیان کرتے ہوئے اس کے اجزائے ترکیبی پر روشنی ڈالئے۔

سوال نمبر۲۳: مرزا غالب کی خطوط نگاری کی اہمیت اور خصوصیات بیان کرتے ہوئے اردو ادب میں غالب کے خطوط اور ان کے مقام پر اپنے خیالات بیان کیجئے۔

سوال نمبر۲۴: ڈرامہ آزمائش کا مختصر خلاصہ بیان کرتے ہوئے اس کے کنہیں دو مرکزی کرداروں پر اظہار۔و۔خیال کیجئے۔